افضل الرسل ﷺ

مصنف

سراج الملت حضرت پیر سید محمد حسین شاہ علی پوریؒ

(خلف الرشید حضرت امیر ملت پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ)

قرآن پاک اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں حضرت خاتم النبیین امام الانبیاء محمد مصطفٰے احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کمالاتِ عالیہ اور خصائلِ حمیدہ کا بیان، آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جامع کمالاتِ انبیاء ہونے کا ذکر اور تمام انبیاء کرام اور رسولانِ محتشم علیہم السلام سے افضل ہونے کا تذکرہ۔

مصنف

سراج الملت حضرت پیر سید محمد حسین شاہ علی پوریؒ

(خلف الرشید حضرت امیرِ ملتؒ پیر جماعت علی شاہ محدث علی پوریؒ)

تدوینِ جدید

محمد صادق قصوری

مقدمہ

از

ضیاء الامت حضرت جسٹس پیر محمد کرم شاہ صاحب ایم۔ اے (الازھر)
سجادہ نشین بھیرہ شریف ضلع سرگودھا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایمان ایک دولتِ لازوال ہے۔
یہ صحنِ چمن میں مہکتا گلاب ہے۔
آغوشِ صدف میں گوہرِ آبدار ہے۔
خزاں رسیدہ درختوں کے لیے مژدۂ فصلِ بہار ہے۔
شبِ دیجور میں دمکتے ماہتاب کی نشیلی چاندنی ہے۔
خشک سالی سے اُجڑے ہوئے جہاں کے لیے بارانِ رحمت ہے۔
یہ دولتِ سرمدی حاصل کیسے ہوتی ہے!
توحید کا اقرار کر لینے سے
قلب کی گہرائیوں سے اس کی تصدیق کرنے سے
عظمتِ رسالت کا نقش لوحِ دل پر ثبت کر لینے سے
عقیدۂ قیامت اپنا لینے سے۔